2025-03-08

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- آج خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ’ناری شکتی سے وِکست بھارت‘ موضوع کے تحت نئی دلّی میں ایک قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی گجرات کے نَو ساری ضلعے میں وانسی بورسی علاقے میں، لکھپتی دیدی سمّیلن میں شرکت کریں گے۔ وہ ڈھائی لاکھ سے زیادہ خواتین کو 450 کروڑ روپے کی مالی امداد بھی تقسیم کریں گے۔

4- انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ وہ ووٹروں کے ڈپلیکیٹ شناختی کارڈ کے دیرینہ معاملے کو تین ماہ کے اندر اندر حل کر لے گا۔

5- یمن کے ساحل سے کچھ دور جِبوتی ساحل پر افریقہ سے آتی ہوئی 4 کشتیاں جن میں تارکینِ وطن سوار تھے، الٹ گئیں۔ اس حادثے میں کم سے کم دو افراد ہلاک اور 186 لاپتہ ہو گئے ہیں۔

6- انڈین گرینڈ ماسٹر Pranav Venkatesh، شطرنج کے 2025 کے عالمی جونیئر چیمپئن بن گئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev.Women Day Prez

آج دنیا بھر میں خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اِس موقع پر آج نئی دلّی میں، ’ناری شکتی سے وِکست بھارت‘ پر قومی سطح کی ایک کانفرنس کی صدارت کریں گی۔ اِس کانفرنس کے بعد اعلیٰ سطح کا ایک مذاکرہ بھی ہوگا اور تین تکنیکی اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزیر مملکت اَنّ پورنا دیوی بھی اِس کانفرنس میں موجود رہیں گی۔

وزیر اعظم نریندر مودی اِس موقع پر ایک دن کے لیے اپنی سوشل میڈیا اکاؤنٹس، تحریک دینے والی خواتین کے سپرد کریں گے۔

اِس سے پہلے جناب مودی نے من کی بات کے اپنے خطاب میں پورے بھارت کی خواتین کی حوصلہ افزائی کی تھی کہ وہ نمو ایپ اوپن فورم پر، اپنی زندگی کے تحریک دینے والے سفر کے بارے میں بتائیں۔

S/B PM Modi on Nari Shakti

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج پارلیمنٹ ہاؤس کامپلیکس میں، آئین ساز اسمبلی کی خاتون ارکان سے متعلق ایک نمائش کا بھی افتتاح کریں گے، جس کا اہتمام بھارت کے آئین کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر کیا جا رہا ہے۔

خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر خواتین کا قومی کمیشن، اکھِل بھارتیہ ادھی وکتہ پریشد کے ساتھ مل کر آج دوپہر خاتون وکیلوں کی کُل ہند کانفرنس کا اہتمام کرے گا۔ اس پروگرام میں نئے سرے سے اُبھرنے والے بھارت کے لیے خواتین کے مزید رول کو حکمتِ عملی کی شکل دینے پر خاص توجہ دی جائے گی، جس میں خاتون وکیلوں کا اہم رول ہے۔

ایک رپورٹ

VC - Priya in GNR

خواتین کا بین الاقوامی دن قومی، نسلی، لسانی، ثقافتی، اقتصادی اور سیاسی حدود سے قطع نظر اُن کی کامیابیوں کے اعتراف کے مقصد سے منایا جاتا ہے۔ اس سال خواتین کے بین الاقوامی دن کا موضوع ہے: ’سبھی خواتین اور لڑکیوں کے لیے: حقوق، مساوات، اُنہیں بااختیار بنایا جانا‘۔ اس موضوع کے تحت سبھی کے لیے مساویانہ حقوق، اختیارات اور موقعے فراہم کرنا ہے اور ایک ایسے مستقبل کی تشکیل کرنا ہے، جہاں کوئی بھی پیچھے نہ رہ جائے۔ مرکزی حکومت خواتین کو بااختیار بنانے اور صنفی مساوات کے لیے سرگرم ہے، جس کے لیے وہ مختلف پالیسیوں، اسکیموں اور قانون سازی کے اقدامات پر عمل کر رہی ہے۔

ایسا پہلی بار ہے کہ خاتون روحانی پیشواؤں یا باتُک کنّیاؤں نے پریاگ راج میں مہا کمبھ میلے میں گنگا آرتی کی۔ جس کی وجہ سے صدیوں پرانی روایات ٹوٹی ہیں۔

آکاشوانی خبروں کے شعبے سے خصوصی بات چیت میں اِن سات میں سے ایک باٹُک کنیا نے اپنے تجربات کے بارے میں بتایا

S/B Batuk Kanya

PM Gujrat-Lakpati Didi

خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی آج گجرات کے شہر نَوساری ضلعے میں وانسی بورسی گاؤں میں، لکھپتی دیدی پروگرام میں شرکت کریں گے۔ وہ لکھپتی دیدیوں سے بات چیت بھی کریں گے۔ وہ لکھپتی دیدی سر ٹیفکیٹ کی حامل 5 لکھپتی دیدیوں کا خیر مقدم بھی کریں گے۔

وزیر اعظم، Antyodaya کنبوں کی گزر بسر میں اضافے کی گجرات اسکیم G-SAFAL اور دیہی آمدنی میں یکسر تبدیلی لانے کے لیے گجرات مینٹرشِپ اور افراد کو تحریک دینے کے پروگرام G-MATRI کا بھی آغاز کریں گے۔ یہ پروگرام گجرات سرکار کا ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Aparna Khunt

نَوساری، والساڑ اور ڈانگ ضلعوں کی ایک لاکھ سے زیادہ خواتین، لکھپتی دیدی سمّیلن میں شرکت کریں گی۔ پروگرام کے دوران وزیر اعظم، گجرات کے 25 ہزار سے زیادہ، اپنی مدد آپ گروپوں سے وابستہ خواتین کو 450 کروڑ روپے سے زیادہ کی امداد فراہم کریں گے۔

وزیر اعظم G-SAFAL اور G-MATRI دو اسکیموں کا آغاز بھی کریں گے۔ G-SAFAL کے تحت، گجرات کے دو خواہشمند ضلعوں اور 13 خواہشمند بلاکوں میں Antyodaya کنبوں کی اپنی مدد آپ گروپ کی خواتین کو مالی مدد اور کاروباری تربیت فراہم کی جائے گی، جبکہ G-MATRI اسکیم کے تحت اُن اسٹارٹ اَپس کو مالی امداد اور دیگر قسم کی امداد فراہم کی جائے گی، جو دیہی گزر بسر کے لیے ایک سازگار ماحول تیار کرنے میں تعاون دے رہے ہیں۔

قابلِ ذکر ہے کہ حکومت کی اِن وسیع کوششوں سے آج تقریباً ڈیڑھ لاکھ خواتین کی سالانہ آمدنی ایک لاکھ روپے یا اِس سے زیادہ ہے اور وہ گجرات میں لکھپتی دیدی بن چکی ہیں۔

احمد آباد سے اَپرنا کھُنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

## Bihar Women's Day

بہار میں مختلف شعبوں کے آبادیاتی منظر نامے میں کافی اہم تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ جن میں سرکاری عہدے، پولیس ادارے اور پنچایتی راج ادارے شامل ہیں، جو خواتین کی طاقت کی عکاسی کرتے ہیں۔ پولیس فورس میں بہار 30 ہزار خاتون جوانوں کے ساتھ تمام ریاستوں سے آگے ہے۔ ریاست میں ایک لاکھ 10 ہزار پولیس افسران میں سے خواتین کی تعداد ملک میں سب سے زیادہ ہے۔ خواتین کو مضبوط نمائندگی دینے سے آبادیاتی منافع میں بھی مدد مل رہی ہے۔، خاص طور سے پولیس فورس میں۔ نتیش کمار کی قیادت والی حکومت کے ذریعہ 2013 میں پولیس میں 35 فیصد ریزرویشن دیئے جانے کی وجہ سے خواتین کی نمائندگی کا اعداد و شمار ان کے حق میں ہوگیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے سابق ڈائریکٹر جنرل آف پولیس، DGP ابھے آنند نے کہا کہ مجموعی طور پر یہ مثبت تبدیلی ہے اور اس نے ریاستی پولیس فورس میں صنفی تعصب کو ختم کردیا ہے۔

## S/B Abhayanand Percentage

جناب ابھے آنند نے کہا کہ پولیس فورسز میں زیادہ نمائندگی سے قانون نافذ کرنے والی ایجنسی کی شبیہ بہتر ہوگی اور تفتیش اور امن و قانون کو برقرار رکھنے کی ضرورت کے دوران یہ کافی مددگار ثابت ہوگی۔

## S/B Abhyanand Women Police

پولیس اداروں کی طرح بہت سے شعبوں میں ریزرویشن کے اقدام کی وجہ سے یکسر تبدیلی رونما ہوئی ہے۔ جن میں پنچایتی راج ادارے، شہری بلدیاتی ادارے اور اپنی مدد آپ گروپ شامل ہیں۔

خواتین کی قیادت والے SHG کی ترقی خاص طور سے شاندار رہے اور ریاست بھر میں 10 لاکھ 63 ہزار SHG سے ایک کروڑ 31 لاکھ خواتینJeevika Didis کے طور سے منسلک ہیں۔

## VC MS Lakshmi

ریاست "اندر مہیلا شکتی مشن" کا آغاز کریں گی، جو خواتین کے SHG کی کامیابیوں اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے، حکومت کے مستقبل کے منصوبوں کو مربوط کرنے کی ایک اہم پہل ہوگی۔ توقع ہے کہ 32 ضلعوں کی تقریباً ایک لاکھ خواتین اس پروگرام میں جو ہوں گی خواتین کی ترقی کی وزیر Anusaya Seethakka نے کل پریز گراؤنڈ کا معائنہ کیا اور تمام بندو بست کا جائزہ لیا۔

حکومت اپنی نوعیت کا پہلا اقدام بھی کرا ہے جس کے تحت خواتین SHG کو اس بات کی اجازت ہوگی کہ وہ بسوں کی مالک بن سکتی ہیں اور کرائے کی بنیاد پر روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریٹس کی بسیں چلا سکتی ہیں۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبر نامے کے لیے ..............................

Telangana Womens' Day

تلنگانہ سرکار آج شام سکندر آباد کے پریڈ گراؤنڈ میں خواتین کا بین الاقوامی دن منائے گی۔ وزیراعلیٰ A.Revanth Reddy کئی اسکیموں کا آغاز کریں گے، جس کا مقصد اپنی مدد آپ، خواتین گروپوں کو مالی طور پر بااختیار بنانا ہے۔

Akashwani Women's Day

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ آج انوکھے انداز میں خواتین کا عالمی دن منا رہا ہے جہاں انگریزی اور ہندی خبروں کے تمام بلیٹن خواتین نیوز ریڈر کے ذریعہ پیش کیے جا رہے ہیں۔ یہ سلسلہ نصف شب سے شروع ہوا اور آج پورا دن جاری رہے گا۔ اس دوران انگریزی اور ہندی میں تمام 45 اہم اور ہر گھنٹے کے بلیٹن نیز نیوز میگزین پروگرام خواتین نیوز ریڈر کے ذریعے پیش کیے جائیں گے۔

آج دن کے وقت آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کا خواتین پر مشتمل عملہ انگریزی اور ہندی میں نیوز روم کا پورا کام کاج سنبھالے گا۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ خواتین کا عالمی دن کے موقع پر رات سوا نوبجے سے 10 بجے تک ایک خصوصی پینل مباحثہ نشر کرے گا۔

Railway LOCO Pilots

ریلویز کی وزارت نے کہا ہے کہ ریلویز میں خواتین LOCO پائلٹ کی تعداد میں پانچ گنا اضافہ ہوا ہے۔ مشکل آپریشنل چیلنجوں کے سبب ریلویز ایک مردوں کے دیر بے واحد سیکٹر رہا ہے۔ البتہ اب خواتین بھی اس سیکٹر میں ریکارڈ قائم کر رہی ہیں۔ خواتین LOCO پائلٹ، اسٹیشن ماسٹر، ٹریک مین، سگنل کی مرمت، گارڈ اور Gangmen کے طور پر اس سیکٹر میں داخل ہو کر اثر اور سوخ قائم کر رہی ہیں۔ سردست ایک لاکھ سے زیادہ خواتین ریلویز میں ملازمت کر رہی ہیں، جو ریلویز کی کُل تعداد کا تقریباً 8 اعشاریہ دو فیصد ہے۔ 2014 میں خواتین LOCO پائلٹ کی تعداد 371 تھی جو اب بڑھ کر ایک ہزار 828 ہو گئی ہے۔×

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## EC Etoral Rolls

انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ وہ ووٹروں کے فوٹو شناختی کارڈEPIC کے Duplicate نمبروں کے، دیرینہ معاملے کو تین مہینے کے اندر اندر حل کر لے گا۔ کمیشن نے ایک بیان میں کہا کہ اُس نے اس دیرینہ معاملے کو حل کرنے کا فیصلہ تکنیکی ٹیموں اور متعلقہ اعلیٰ انتخابی افسروں کے ساتھ تفصیلی تبادلہئ خیال کے بعد کیا ہے۔ اس معاملے کو حل کرنے سے، ڈپلیکیٹ EPIC نمبروں والے موجودہ ووٹروں کے لیے ایک منفرد قومی EPIC نمبر کی یقین دہانی ہوگی۔

کمیشن، ڈپلیکیٹ EPIC نمبروں کے معاملے پر غور و خوض کر چکا ہے۔ EPIC نمبر سے قطع نظر، کوئی ووٹر، جو کسی خاص پولنگ اسٹیشن کی چناؤ فہرست میں شامل ہے، وہ اُسی پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ دے سکتا ہے اور کسی دوسرے پولنگ اسٹیشن پر نہیں۔

نمونے کے طور پر 100 سے زیادہ ووٹروں کی انکوائری سے انکشاف ہوا ہے کہ جن ووٹروں کے پاس ڈپلیکیٹ EPIC نمبر ہیں، وہ صحیح یا تصدیق شدہ ووٹر ہیں۔ البتہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں، غیر تصحیح شدہ فہرستوں کے سبب ڈپلیکیٹ نمبر جاری کیے جانے کے معاملے کا پتہ نہیں چل سکا تھا، کیونکہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اپنے اپنے طور پر چناؤ فہرستوں کا بندوبست کر رہے تھے۔ بھارت کی چناؤ فہرستیں دنیا بھر میں سب سے بڑی چناؤ فہرستیں ہیں، جن میں 99 کروڑ سے زیادہ ووٹروں کا رجسٹریشن ہے۔ انتخابی کمیشن، چناؤ فہرستوں کو لگاتار تازہ شکل دیے جانے کے علاوہ، ہر سال اِن فہرستوں پر مختصر طور پر خصوصی نظرِ ثانی کا کام بھی کرتا ہے۔ یہ کام ہر سال اکتوبر سے دسمبر کی مدّت میں کیا جاتا ہے، جس کے بعد جنوری میں قطعی فہرستیں جاری کر دی جاتی ہیں۔ ×

## Yemen Boat Capsized

اقوام متحدہ تارکین وطن سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ یمن اور جِبوتی کے ساحل سے کچھ دوری پر 4 کشتیوں کے غرقاب ہونے کے سبب کم از کم 2 افراد ہلاک ہو گئے ہیں اور دیگر 186 لاپتہ ہیں۔ اِن کشتیوں پر افریقی تارکین وطن سوار تھے۔ تارکین وطن سے متعلق مشن کی بین الاقوامی تنظیم کے ترجمان تمیم علائین نے بتایا کہ اِن کشتیوں پر سوار زیادہ تر تارکین وطن کا تعلق اتھوپیا سے ہے، جبکہ عملے کے 5 افراد کا تعلق یمن سے ہو سکتا ہے۔ اِن کشتیوں کم از کم 57 خواتین بھی سوار تھیں۔×

## Syria Violence

شام کے ساحلی صوبے لتاکیہ میں، شام کی سیکیورٹی فورسز اور معزول حکمراں بشار الاسد کے حامی جنگجوؤں کے درمیان جاری لڑائی میں دو سو سے زیادہ افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں ار درجنوں زخمی ہوئے ہیں۔ دونوں طرف سے جاری تصادم، پچھلے سال دسمبر کے آغاز میں بشار الاسد حکومت کا تختہ پلٹنے کے بعد سے نہایت بدترین تشدد مانا گیا ہے۔ جسے سوزش پسند مانا گیا ہے، جسے سوزش پسند گروپ حیات طاہر الشام کی قیادت میں انجام دیا تھا۔x

Chess World Junior Chamionship

شطرنج میں اٹھارہ سالہ بھارتی گرینڈ ماسٹر Pranav Venkatesh نے کل رات مونٹے نیگرو میں FIDE عالمی جونیرچیمپین شپ 2025 میں اپنا دبدبہ قائم رکھتے ہوئے خطاب جیت لیا۔ Pranav عالمی جنویئر کا خطاب جیتنے والے چھوتھے کھلاڑی ہیں۔

اس سے پہلے وشوناتھن آنند،Pentala Harikrhishna اور Abhijeet Gupta نے یہ خطاب جیتا تھا۔

اس دوران گرینڈ ماسٹر اروند چتمبرم نے کل رات چیک جمہوریہ میں انتہائی اہم Prague Masters کا خطاب جیت لیا۔ فائنل راؤنڈ میں اروند نے ترقی کے Ediz Gurel کے خلاف مقابلہ برابر کرلیا اور اس طرح سے انھوں نے پہلا مقام حاصل کیا۔

Aisan WoKabaddi Final

ایران میں جاری چھٹی ایشیائی خواتین کبڈّی چیمپئن شپ میں آج دوپہر تہران میں، دفاعی چیمپئن بھارت کا مقابلہ فائنل میں میزبان ایران سے ہوگا۔ میچ دوپہر بارہ بجے شروع ہوگا۔ اس سے پہلے کل شام پہلے سمی فائنل میں بھارت نے نیپال کو چھپّن-اٹھارہ سے ہرا کر فائنل میں جگہ بنائی تھی۔ اس دوران ایران نے دوسرے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کو اکتالیس-اٹھارہ سے ہرایا۔

بھارت کی خواتین ٹیم دفاعی چیمپئن ہے۔ اس نے پچھلی چیمپئن شپ کے فائنل میں جمہوریہ کوریا کو ہرایا تھا۔x

Cricket WPL

خواتین پریمئر لیگ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، کل رات لکھنو میں کھیلے گئے میچ میں گجرات جائنٹس نے ڈیلی کیپیٹلس کو 5 وکٹ سے ہرا دیا۔ جیت کے لیے مقررہ 178 رن کے ہدف کو گجرات جائنٹس نے 3 گیندیں باقی رہتے ہوئے حاصل کرلیا۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 177 رن بنائے تھے۔ گجرات کی طرف سے Harleen Deol نے 49 گیندوں میں 70 رن بنائے جنھیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے، کونکن، گوا، کیرالہ، ماہے ساحلی آندھرا پردیش، کرناٹک اور Yanam میں دور دراز کے مقامات آج گرم اور مربوط صورتحال کی پیش گوئی کی ہے جبکہ گجرات خطے، کیرالہ اور ماہے میں موسم کے کل تک گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے آج اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ اور سکم کے کچھ حصوں میں گرج چمک کی پیش گوئی ہے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم نریندر کے ذریعے، مرکز کے زیر انتظام علاقے دادر اور نگر حویلی اور دمن و دیو کے لیے 2 ہزار 580 کروڑ روپے کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھنے کی خبر کو اوّلیت دی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ان پروجیکٹوں کا مقصد رابطے کو بہتر بنانا، صنعتی ترقی کو فروغ دینا اور سیاحت کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے تہور رانا کو بھارت لانے کا راستہ صاف ہونے سے متعلق خبر پر توجہ مرکوز کی ہے۔ کیونکہ امریکی سپریم کورٹ نے بھارت کی حوالگی پر روک لگانے کی اُس کی درخواست کو مسترد کر دیا ہے۔

روزنامہ انقلاب نے ساہتیہ اکیڈمی کے زیر اہتمام، "ساہتیہ اُتسو 2025" کے افتتاح کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اس موقع پر ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ ادب سب سے مضبوط دھاگا ہے، جو بھارت کو باہم جوڑتا ہے۔

جبکہ روزنامہ راشٹریہ اور انقلاب نے شامی سکیورٹی فورسز اور سابق صدر بشارالاسد کے حامی جنگجوؤں کے درمیان جاری خونریزی میں، شام میں کئی افراد کے ہلاک اور درجنوں کے زخمی ہونے کی خبر کو اہمیت دی ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- آج خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 'ناری شکتی سے وِکست بھارت' موضوع کے تحت نئی دلّی میں ایک قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گی۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی گجرات کے نَو ساری ضلعے میں وانسی بورسی علاقے میں، لکھپتی دیدی سمّیلن میں شرکت کریں گے۔ وہ ڈھائی لاکھ سے زیادہ خواتین کو 450 کروڑ روپے کی مالی امداد بھی تقسیم کریں گے۔

4- انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ وہ ووٹروں کے ڈپلیکیٹ شناختی کارڈ کے دیرینہ معاملے کو تین ماہ کے اندر اندر حل کر لے گا۔

5- یمن کے ساحل سے کچھ دور جِبوتی ساحل پر افریقہ سے آتی ہوئی 4 کشتیاں جن میں تارکینِ وطن سوار تھے، الٹ گئیں۔ اس حادثے میں کم سے کم دو افراد ہلاک اور 186 لاپتہ ہو گئے ہیں۔

6- انڈین گرینڈ ماسٹر Pranav Venkatesh، شطرنج کے 2025 کے عالمی جونیئر چیمپئن بن گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------